© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **حاجی محمد عبداللہ مرحوم:** مجلس احرار اسلام (بستی بدلی شریف، رحیم یار خان) کے قدیم مخلص اور سرگرم کارکن تھے۔ ۳۱ر مئی ۲۰۰۵ء کو انتقال کر گئے۔ جانشینِ امیر شریعت حضرت سید ابوذر بخاریؒ اور حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہم اللہ کے فدائین میں سے تھے۔ گزشتہ ڈیڑھ سال سے بیمار تھے۔ چند ماہ قبل امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ ان کی تیمارداری کے لیے تشریف لے گئے تو بہت خوش ہوئے اور دعاءِ صحت کرائی۔ اللہ تعالیٰ نے صحت عطاء فرمادی لیکن کچھ عصہ بعد پھر علیل ہوگئے اور جاں بر نہ ہو سکے۔ جماعت کے لیے ان کی مخلصانہ خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

● **مولانا محمد اسماعیل رحمہ اللہ:** مجلس احرار اسلام لاہور کے رہنماء جناب قاری محمد یوسف احرار کے بڑے بھائی مولانا محمد اسماعیل صاحب ۱۵ر جولائی ۲۰۰۵ء بستی پروچڑاں، خان پور ضلع رحیم یار خان میں دورانِ نمازِ جمعہ انتقال کر گئے۔ مولانا محمد اسماعیل جامعہ خیر المدارس ملتان کے قدیم فضلاء میں سے تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوگئے۔ وہ حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ کے شاگرد اور مرید تھے۔ جب حضرت ابوذر بخاریؒ جامعہ خیر المدارس میں استاد تھے تو مولانا محمد اسماعیل ان کے پاس پڑھتے تھے۔ ۱۹۶۲ء کے بعد کچھ عرصہ دفتر مجلس احرار اسلام ملتان میں ناظم بھی رہے اور حضرت ابوذر بخاریؒ کی تربیت میں رہ کر جماعت کے لیے خدمات انجام دیں۔ اُن کے انتقال سے احرار حلقے ایک مخلص ساتھی سے محروم ہوگئے۔

● مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے قدیم کارکن جناب حافظ محمد عباس کے بھائی حافظ محمد الیاس ۸ر فروری ۲۰۰۵ء کو رحلت فرماگئے۔

● چیچہ وطنی میں ہمارے ساتھی حافظ محمد نعیم کے والد گرامی شیخ خوشی محمد انتقال فرماگئے۔

● چیچہ وطنی میں دار العلوم ختمِ نبوت اور جماعت کے دیرینہ معاون اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے بے تکلف دوست شیخ عبدالغنی بلاک نمبر ۱۲ والے انتقال فرماگئے۔

● چیچہ وطنی میں ہمارے دیرینہ ساتھی و معاون جناب شیخ محمد سلیم کے والد گرامی شیخ محمد مشتاق گزشتہ دنوں انتقال فرماگئے۔

● مدرسہ محمودیہ معمورہ ناگڑیاں (ضلع گجرات) کے معاون جناب ڈاکٹر وسیم ریاض چودھری کی دادی صاحبہ ۲۵ر مئی بروز بدھ انتقال کر گئیں۔ مرحومہ امیر شریعت کے والد ماجد حضرت حافظ سید ضیاء الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی شاگردہ تھیں۔ وہ خانوادۂ امیر شریعت سے بہت زیادہ الفت رکھتی تھیں۔ مرحومہ کی وصیت تھی کہ ان کا نمازِ جنازہ امیر شریعت کے خاندان کا کوئی فرد پڑھائے۔ چنانچہ ان کی نمازِ جنازہ حضرت امیر شریعت کے بھتیجے سید محمد یونس بخاری نے پڑھائی۔

● چودھری ارشد مہدی (ناگڑیاں، ضلع گجرات) کے چچا جان چودھری محمد خان انتقال کر گئے۔ وہ منشی علی اکبر مرحوم کے بھائی تھے جو سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے قریبی دوست تھے۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- ملتان میں ہمارے معاون جناب محمد زاہد اقبال کے والد جناب حاجی محمد رمضان ۳ر جولائی کو وفات پا گئے۔
- جناب رانا خورشید احمد ایڈووکیٹ‘ ملتان میں ہمارے قدیم مہربان تھے۔ ۲۴ر جولائی کو عارضۂ قلب سے اچانک رحلت کر گئے۔ مرحوم کے فرزند حافظ عاصم جبران نے مدرسہ معمورہ میں قرآنِ کریم حفظ کیا۔

اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور ’’نقیبِ ختم نبوت‘‘ کے تمام خدام‘ مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ احباب و قارئین سے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر جناب چودھری ثناء اللہ بھٹہ کو ٹریفک کے ایک حادثہ میں شدید چوٹیں آئی ہیں اور وہ لاہور کے ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔
- حضرت امیر شریعت کے محبِّ قدیم مولانا محمد بشیر اختر الہٰ آبادی ضعیفی کی وجہ سے نہایت کمزور اور علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے قدیم کارکن بھائی محمد سلیم کافی عرصہ سے علیل ہیں۔
- جناب مسعود اختر صاحب (سلیمی دواخانہ ملتان) شدید علیل ہیں۔
- جناب عبدالمنان معاویہ (الہٰ آباد ضلع رحیم خان) کی والدہ ماجدہ اور خالہ محترمہ سخت علیل ہیں۔

احباب و قارئین ان کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ اور صحت و سلامتی عطا فرمائیں۔ (آمین)


قارئین ’’بینات‘‘، علماء اور طلباء کے لیے
خوشخبری
’’آپ کے مسائل اور ان کا حل‘‘
(اعلیٰ ایڈیشن)
اصل قیمت: 1600/- روپے
رعایتی سیل صرف 550/- روپے
’’اختلافِ امت اور صراطِ مستقیم‘‘
قیمت صرف: 70/- روپے
مکمل سیٹ اتنے کم دام میں ملا ہے نہ ملے گا
مکمل 10 جلد، اعلیٰ کاغذ عمدہ طباعت شہیدِ اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کی مایہ ناز تصنیف طلباء و علماء کے لیے گرانقدر علمی خزانہ محدود مدت کے لیے
نوٹ بیرونِ کراچی والے ڈاک خرچ: 130/- روپے مزید ارسال کریں
مکتبۂ بینات علامہ بنوری ٹاؤن کراچی 74800


© rasailojaraid.com